www.konkur.in

کد کنترل

**411**

**E**

411E

# آزمون ورودی دوره‌های کارشناسی‌ارشد ناپیوستهٔ داخل ـ سال ۱۴۰۱

«اگر دانشگاه اصلاح شود مملکت اصلاح می‌شود.»
امام خمینی (ره)

جمهوری اسلامی ایران
وزارت علوم، تحقیقات و فنّاوری
سازمان سنجش آموزش کشور

صبح چهارشنبه
۱۴۰۱/۰۲/۲۸

## زبان و ادبیات اردو (کد ۱۱۲۹)

تعداد سؤال: ۱۲۰ زمان پاسخ‌گویی: ۱۲۰ دقیقه

جدول مواد امتحانی، تعداد و شمارهٔ سؤال‌ها

| ردیف | مواد امتحانی | تعداد سؤال | از شمارهٔ | تا شمارهٔ |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | دستور زبان تخصصی اردو | ۲۵ | ۱ | ۲۵ |
| ۲ | متون تخصصی | ۲۰ | ۲۶ | ۴۵ |
| ۳ | ادبیات منظوم | ۳۰ | ۴۶ | ۷۵ |
| ۴ | ادبیات منثور | ۲۵ | ۷۶ | ۱۰۰ |
| ۵ | تاریخ ادبیات اردو | ۱۰ | ۱۰۱ | ۱۱۰ |
| ۶ | ترجمه متون سیاسی، فرهنگی، ادبی و اجتماعی | ۱۰ | ۱۱۱ | ۱۲۰ |

استفاده از ماشین‌حساب مجاز نیست.

این آزمون نمرهٔ منفی دارد.

حق چاپ، تکثیر و انتشار سؤال‌ها به هر روش (الکترونیکی و...) پس از برگزاری آزمون، برای همه اشخاص حقیقی و حقوقی تنها با مجوز این سازمان مجاز می‌باشد و با متخلفان برابر مقررات رفتار می‌شود.

forum.konkur.in

www.konkur.in



* متقاضی گرامی، وارد نکردن مشخصات و امضا در کادر زیر، به منزلهٔ غیبت و حضور نداشتن در جلسهٔ آزمون است.

اینجانب ................................ با شمارهٔ داوطلبی ............................ با آگاهی کامل، یکسان‌بودن شمارهٔ صندلی خود را با شمارهٔ داوطلبی مندرج در بالای کارت ورود به جلسه، بالای پاسخ‌نامه و دفترچهٔ سؤال‌ها، نوع و کد کنترل درج شده بر روی دفترچهٔ سؤال‌ها و پایین پاسخ‌نامه‌ام را تأیید می‌نمایم.

امضا:

*دستور زبان تخصصی اردو:*

۱- ذیل کے فقرے میں "گرتے گرتے" کی ترکیب اردو قواعد کی رو سے کیا کہلاتی ہے؟

"امین سڑک پار کرتے ہوئے، گرتے گرتے بچ گیا۔"

۱) اسم حاصل مصدر ۲) اسم حالیہ ۳) اسم مفعول ۴) مبتدا

۲- کونسا فعل، فعل مستقبل استمراری مجہول میں شمار نہیں کیا جاسکتا ہے؟

۱) گندی نالیوں کو ہر روز صبح سویرے صاف کیا جاتا رہے گا۔
۲) پرانے کھنڈرات کھود کر آثار قدیمہ کی تلاش کی جاتی رہے گی۔
۳) وہ ہمیشہ ٹھنڈی شربت پیتے جاتے رہیں گے۔
۴) برف سے قلفیاں بنائی جاتی رہیں گی۔

۳- نیچے دیے گئے واحد الفاظ کی ترتیب وار جمع کونسی ہیں؟

" ماں- خاتون- موتی- پھول"

۱) مائیں- خواتین- موتی- پھول
۲) ماؤں- خواتین- موتی- پھول
۳) مائیں- خواتین- موتیا- پھول
۴) ماواں- خواتین- موتیے- پھول

۴- ذیل کے الفاظ ترتیب وار صفت کی کس کس قسم میں شمار ہوتے ہیں؟

" جاپانی- پچاس- نواں- تھوڑا سا"

۱) صفت ذاتی- صفت عددی معین- صفت عددی معین- صفت عددی غیر معین
۲) صفت ذاتی- صفت مقداری- صفت عددی معین- صفت عددی غیر معین
۳) صفت نسبتی- صفت عددی غیر معین- صفت ذاتی- صفت عددی معین
۴) صفت نسبتی- صفت عددی معین- صفت عددی ترتیبی- صفت مقداری غیر معین-

۵- اردو گرائمر کی رو سے چاہیئے کے متعلق کونسا جملہ صحیح ہے؟

۱) چاہیئے کے استعمال میں ضمایر فاعلی کا لے آنا ضروری ہوتا ہے۔
۲) چاہیئے کے استعمال میں، کبھی مصدر اصلی کے ساتھ اور کبھی بغیر مصدر، جملہ بنتا ہے۔
۳) چاہیئے کے استعمال کے وقت، ضمایر مفعولی سے فائدہ اٹھایا جاتا ہے۔
۴) چاہیئے کے استعمال کے وقت، جملے کا فعل، مفعول جملہ کی مناسبت سے آتا ہے۔

۶- اردو گرائمر کی رو سے کونسا جملہ غلط ہے؟

۱) کل ناشتے میں اس لڑکے نے دو روٹیاں کھائیں۔
۲) اسلم کتابیں لائی ہیں۔
۳) پروین نے اسی ماحول میں آنکھ کھولی ہے۔
۴) یہ اس کے ذاتی تجربات ہیں۔

سایت کنکور Konkur.in

forum.konkur.in

www.konkur.in



۷- درج ذیل کا کونسا جملہ، "نے" فاعلی "اور" کو "علامت مفعولی کے استعمال کے پیش نظر، صحیح نہیں؟

۱) استاد نے ان لڑکیوں کو کالج میں بلایا۔
۲) شکیل اور احمد نے میری باتوں کو بھول گیا۔
۳) آپ نے اپنی کتابوں کو اچھی طرح پڑھا۔
۴) اس نے روٹیوں کو تندور سے نکالا۔

۸- درج ذیل مصادر میں سے کونسے، مصادر جعلی میں شمار ہوتے ہیں؟

۱) معافی مانگ لینا - اجازت دینا
۲) کرتے رہنا - جانا پڑنا
۳) دوڑنا - بھاگنا
۴) بخشوانا - آزمانا

۹- ذیل کے مرکبات ترتیب وار کس کس قسم کے ہیں؟

"گرم انڈے" - "تین کتابیں" - "سفر و حضر" - "چڑیا گھر"

۱) مرکب ظرفی۔ مرکب توصیفی۔ مرکب عطفی۔ مرکب عددی
۲) مرکب توصیفی۔ مرکب عددی۔ مرکب عطفی۔ مرکب ظرفی
۳) مرکب عددی۔ مرکب عطفی۔ مرکب توصیفی۔ مرکب ظرفی
۴) مرکب عطفی۔ مرکب توصیفی۔ مرکب ظرفی۔ مرکب عددی۔

۱۰- کونسے فقرے میں املے کی غلطی موجود ہے؟

۱) ہمیں روزانہ سکول جانا چاہیئے۔
۲) سکول کے استاندہ کے پاس تیں طالب علم پڑھنے میں مصروف ہیں۔
۳) امریکہ نے چین پر ایغوروں کے خلاف نسل کشی کرنے کا الزام عائد کیا ہے۔
۴) اس کے نانے کے تین بہنیں اور ایک بھائی تھا۔

۱۱- ذیل کے الفاظ ترتیب وار صفت کی کس کس قسم میں شمار ہوتے ہیں؟

"کشمیری۔ دسویں۔ کوئی۔ گیارہ میٹر"

۱) صفت نسبتی۔ صفت عددی معین۔ صفت عددی غیر معین۔ صفت مقداری معین۔
۲) صفت ذاتی۔ صفت مقداری۔ صفت عددی غیر معین ـ صفت عددی معین
۳) صفت نسبتی۔ صفت عددی غیر معین ـ صفت ذاتی۔ صفت عددی معین
۴) صفت ذاتی۔ صفت عددی معین۔ صفت عددی معین۔ صفت عددی غیر معین

۱۲- مندرجہ ذیل افعال میں، کونسا ماضی نقلی استمراری مجہول میں شمار کیا جاتا ہے؟

۱) دریا سے نہر نکال کر، پانی کھیتوں تک پہنچایا گیا ہے۔
۲) باورچی خانے میں مزید روٹیاں نہیں پکائی رہتیں۔
۳) اپنے دوستوں کو خط لکھ کر، ان کی خیریت پوچھی جاتی رہی ہے۔
۴) نماز کی اذان دی جاتی رہی ہو گی۔

۱۳- اردو میں فعل ماضی سادہ کے پیش نظر، "نے" علامت فاعل کے سلسلے میں، کونسا جملہ درست نہیں؟

۱) انہوں نے میری باتوں کو بھول گیا۔
۲) اس بچے نے اپنی بہن کے کھانوں کو پورا کھا لیا۔
۳) علی اور عاصمہ نے چاول کے کھیت میں خوب کام کیے۔
۴) میری نانی نے بازار سے ہمارے لیے پھل پھول اور روٹیاں خریدیں۔

۱۴- اردو گرائمر کی رو سے کونسا جملہ غلط ہے؟

۱) اس کی ساس بچوں کو لے کر آ رہی ہے۔
۲) میں نے دو کتابیں پڑھتا ہوں۔
۳) بچہ کمرے میں سو رہا ہے۔
۴) وہ اپنے ملک کی خدمت کرتے ہوئے اس دنیا سے رخصت ہو گئی۔

forum.konkur.in

www.konkur.in



۱۵- ذیل کے الفاظ میں سے کونسا لفظ مشتق ہے؟

۱) بچت ۲) قلم ۳) چٹان ۴) گاڑی

۱۶- حروف جار کے قواعد کے پیش نظر کونسا فقرہ غلط ہے؟

۱) وہ گھوڑے پر بیٹھ کر شہر کی طرف جارہا ہے۔

۲) اس نے باغیچے میں کئی پودے لگائے۔

۳) وہ احمد کے کمرہ میں جا کر کتابیں پر سے پنسل اٹھا کر لے گیا۔

۴) اسکول کے سامنے والے درختوں پر پرندوں کے گھونسلوں میں چھوٹے چھوٹے چوزے ہیں۔

۱۷- درج ذیل کے جملوں میں کونسا جملہ، گرائمر کے لحاظ سے درست نہیں؟

۱) ان لڑکوں کے کھانوں میں سرخ مرچیں ڈال دو۔ ۲) ہمارے گھروں کے اندر، اس لڑکے کی گاڑیاں موجود ہیں۔

۳) اس لڑکیوں کے پاس دو کمرہ ہیں۔ ۴) اس لڑکی کے باپ کے کمروں میں دو الماریاں ہیں۔

۱۸- مندرجہ ذیل اسم، ترتیب وار اسم کی کونسی اقسام میں شمار ہوتے ہیں؟

"گھڑیال" - "گھروندا" - "گھنٹہ" - "گھڑی" - "گائے"

۱) ظرف، مکبّر، مصغر، ذات، ذات ۲) مصغر، مکبّر، آلہ، ظرف، ذات

۳) ذات، مکبّر، مصغر، آلہ، آلہ ۴) مکبّر، مصغر، ظرف، آلہ، ذات

۱۹- اردو گرائمر کی رو سے کونسا جملہ غلط ہے؟

۱) دونوں میں گہرا دوستی ہوا۔ ۲) اگر آپ محنت کریں گے تو کامیاب ہو جائیں گے۔

۳) اگر آپ مریض کا علاج نہ کرتے، تو وہ خطرے میں پڑ جاتا۔ ۴) مشکل وقت پر انہوں نے مجھے مدد دی۔

۲۰- ذیل کے شعر کے مختلف حصوں کے بارے میں کونسی بات غلط ہے؟

یارب وہ زمانہ مجھ کو مٹاتا ہے کس لئے؟ لوح جہاں پہ حرف مکرر نہیں ہوں میں

۱) پہ: حرف جار ۲) یا: حرف ندا ۳) کس لئے: حرف استفہام ۴) میں: حرف جار

۲۱- درج ذیل جملوں میں کونسا ماضی شکیہ مجہول میں شمار نہیں ہوتا ہے؟

۱) ان خواتین نے کھیتوں میں کام کیے ہوں گے۔ ۲) میرے دوست، سمندر سے مچھلی پکڑتے رہتے ہوئے ہوں گے۔

۳) آپ کا کھانا کھایا جاتا رہے گا۔ ۴) لاہور کی سڑکوں پر نئی پابندیاں عائد کر دی گئی ہوں گی۔

۲۲- ضمایر ملکی کو مد نظر رکھتے ہوئے کونسا فقرہ صحیح نہیں ہے؟

۱) تم میری کی گاڑی کے آگے پیچھے نہ جاؤ۔ ۲) میرے والد کی دکانیں، تمہارے سامنے ہیں۔

۳) اس عمارت کے پیچھے میری دکان واقع ہے۔ ۴) تیرے دوست کے پاس مزے دار پھل موجود ہیں۔

۲۳- کونسے شعر میں حرف تمنا موجود ہے؟

۱) یہ بات بڑھی کہ مر گئے ہم موت آئی تھی قصہ مختصر رات

۲) واحسرتا کہ یار نے کھینچا ستم سے ہاتھ ہو کے حریص لذت آزار دیکھ کر

۳) ہم بھی منہ میں زبان رکھتے ہیں کاش پوچھو کہ مدعا کیا ہے؟

۴) اب تو گھبرا کہ یہ کہتے ہیں کہ مر جائیں گے مر کے بھی چین نہ پایا تو کدھر جائیں گے

۲۴- کونسے لفظ کا متضاد صحیح نہیں ہے؟

۱) اتار: نشیب ۲) سیدھا: ٹیرھا ۳) سخی: کنجوس ۴) چھاؤں: دھوپ

forum.konkur.in

www.konkur.in



۲۵- ذیل کے حروف، ترتیب وار حروف کی کس قسم میں شمار ہوتی ہیں؟

"ضرور" - "کاش" - "یا" - "جوں" - "اگر"

۱) تاکید - تمنا - تردید - تشبیہ - شرط
۲) تردید - تمنا - تاکید - شرط - تشبیہ
۳) عطف - تمنا - تشبیہ - شرط - استعجاب
۴) استعجاب - عطف - تردید - شرط - تشبیہ

متون تخصصی:

**ذیل کا متن پڑھ کر، سوال نمبر ۲۶ کے صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے:**

"ظفر واپس آگیا۔ وہ ولایت سے ہی اپنی نوکری کا بندوبست کرکے آیا تھا۔ اس وقت چونکہ انجینئروں کی ضرورت تھی، ملازمتیں اچھی مل رہی تھیں۔ اسے ایک فارم میں نوکری مل گئی۔ ابا کے زرد چہرے پر سرخی دوڑ رہی تھی۔ ان کی جھکی ہوئی گردن اور کٹی ہوئی ناک جوڑنے والا آگیا۔ میں ایم۔اے کرنا چاہ رہی تھی۔ مگر ابا نے روک دیا کہ اب شادی ہو جائے گی۔ اماں اور پھوپھی اماں نے بھی اطمینان کا سانس لیا کہ اب سوئی سے چھلنی انگلیوں اور تھکی ہوئی آنکھوں کو آرام ملے گا۔"

۲۶- درج ذیل متن میں ظفر کے ابا کی تصویر کیسی دکھائی گئی ہے؟

۱) ابا کے چہرے پر بڑھاپے کے اثرات نمایاں تھے۔
۲) ابا کو بہت غصہ آرہا تھا۔
۳) ابا بہت خوش نظر آنے لگے تھے۔
۴) ابا کے چہرے پر شرم کی کیفیت طاری تھی۔

۲۷- درج ذیل فقرے کی رو سے "گھور" - "کھوکھلا" - "پیڑ" کے ترتیب وار صحیح معانی کیا ہیں؟

"جب ہر طرف گھور اندھیرا ہو، روشنی کہیں نہ کہیں سے نمودار ہو جاتی ہے۔ کوئی مٹھی میں جگنو لے آتا ہے اور کوئی پیڑ کے کھوکھلے تنے میں چراغ رکھ دیتا ہے۔ اس نے سر جھٹکا۔ آنکھوں کے سامنے سے دھند چھٹ رہی تھی۔"

۱) قبر - پُر - پاؤں
۲) گہری تاریکی - خالی - درخت
۳) ہلکی تاریکی - زخم - پاؤں
۴) تاریکی - مملو - درخت

سایت کنکور Konkur.in

**ذیل کا متن پڑھ کر، سوال نمبر ۲۸ کے صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے:**

"اگرچہ مرزا کی آمدنی قلیل تھی، مگر حوصلہ فراخ تھا۔ سائل ان کے دروازے سے خالی ہاتھ بہت کم جاتا تھا۔ اُن کے مکان کے آگے اندھے، لنگڑے، لُولے اور اپاہج مرد و عورت رہتے تھے۔ غدر کے بعد ان کی آمدنی کچھ اوپر ڈیڑھ سو روپے ماہوار ہو گئی تھی اور کھانے پینے کا خرچ بھی کچھ لمبا چوڑا نہ تھا، مگر وہ غریبوں اور محتاجوں کی مدد اپنی بساط سے زیادہ کرتے تھے، اس لیے اکثر تنگ رہتے تھے۔"

۲۸- مندرجہ بالا متن کی رو سے کونسا جملہ مرزا کے بارے میں غلط ہے؟

۱) معذور اور غریب لوگ مرزا کے گھر کے سامنے رہتے تھے۔
۲) مرزا کی آمدنی بہت تھی لیکن بہت کنجوس تھا۔
۳) مرزا کے کھانے پینے کے اخراجات لمبے چوڑے نہیں تھے۔
۴) مرزا لوگوں کی مدد اپنی بساط سے زیادہ کرتے تھے۔

forum.konkur.in

www.konkur.in



۲۹- درج ذیل محاورات کے صحیح مفاہیم ترتیب وار کونسے ہیں؟

"اوسان اڑ جانا" - "کاغذ کھولنا"

۱) تکبر کرنا- مشترکہ کاروبار شروع کرنا ۲) رسوائی ہونا - مقدمہ دائر کرنا

۳) پرندے کا اڑنا- نازک اندام ہونا ۴) ہوش و حواس بجانہ رہنا—بھید کھولنا

**ذیل کا متن پڑھ کر، سوال نمبر ۳۰ سے لے کر ۳۲ تک کے صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے:**

"سیٹھ جی کو گھر پہنچنے کی فکر تھی۔ کئی بورے گڑ اور کئی کنستر گھی کے بیچے تھے۔ دو چار سو روپے کمر میں بندھے ہوئے تھے۔ گاڑی پر کئی بورے نمک کے تھے، چھوڑ کر جا بھی نہ سکتے تھے۔ گاڑی پر لیٹ گئے، وہیں رت جگا کرنے کی ٹھان لی اور آدھی رات تک دل کو بہلاتے رہے۔ آگ جلائی، تاپا۔ اپنی دانست میں وہ تو جاگتے ہی رہے، مگر جب پو پھٹی چونکے اور کمر پر ہاتھ رکھا، تو تھیلی ندارد۔ کلیجہ سن سے ہو گیا، کمر ٹٹولی، ہتھیلی کا پتا نہ تھا۔ گھبرا کر ادھر اُدھر دیکھا، کئی کنستر تیل کے بھی غائب تھے۔ سر پیٹ لیا۔ پچھاڑیں کھانے لگے۔ صبح کو بہ ہزار خرابی گھر پہنچے۔"

۳۰- مدرجہ بالا متن کی رو سے کونسا جملہ درست ہے؟

۱) سیٹھ جی نے پوری رات جاگنے کی کوشش کی لیکن وہ سو گیا اور جب صبح سویرے اٹھا اس کے سامان غائب تھے۔

۲) سیٹھ جی کی گاڑی پر گندم کے کئی بورے تھے۔

۳) جب پو پھٹی تو سیٹھ جی کو نیند آ گئی۔

۴) سیٹھ جی نے آٹھ سو روپے کمر پر باندھے تھے۔

۳۱- درج بالا متن کی رو سے "پو پھٹنا" اور "پچھاڑیں کھانا" کے صحیح معانی کی نشاندہی کیجیے؟

۱) روشنی پھیل جانا- پیچھے ہٹ جانا ۲) دوپہر ہونا-زمین کی کھدائی کرنا

۳) ٹھنڈی ہوا چلنا-آہیں بھرنا ۴) صبح صادق ہونا-صدمہ اٹھانا

۳۲- مندرج بالا متن کی رو سے "گاڑے پر لیٹ گئے، وہیں رت جگا کرنے کی ٹھان لی اور آدھی رات تک دل کو بہلاتے رہے" کا صحیح مطلب کیا ہے؟

۱) گاڑی پر لیٹ کر سیٹھ جی کو اچانک نیند آ گئی پھر وہ سکون سے سو گیا۔

۲) سیٹھ جی نے گاڑی پر لیٹ کر وہاں پوری رات جاگنے کا فیصلہ کیا اور آدھی رات تک خوش طبعی کا سامان مہیا کرتا تھا۔

۳) سیٹھ جی گاڑی کے پیچھے لیٹ کر اپنے آپ کو تسلی دیتے ہوئے پوری رات جاگتا رہا۔

۴) سیٹھ جی کو گاڑی پر لیٹ کو دل بہلانے کے لیے کچھ سمجھ میں نہیں آیا۔

۳۳- ذیل کے شعر میں "لُٹیا ڈبونا" کے محاورے کا صحیح مفہوم کیا ہے؟

دکان بند کرکے رہا بیٹھ جو تو دی اُس نے بالکل ہی لُٹیا ڈبو

۱) نقصان اٹھانا ۲) ڈوبنا

۳) کشتی ڈبونا ۴) کم ہونا

forum.konkur.in

www.konkur.in



ذیل کا متن پڑھ کر، سوال نمبر ۳۴ کے صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے:

"میں نے بے شمار تصویریں بنائی تھیں مگر وہ تمام کی تمام کباڑیوں اور نیلام گھروں میں پہنچ کر کوڑیوں کے بھاؤ بک چکی تھیں۔ زندگی اسی حالت میں گزر رہی تھی کہ اتفاقاً تصویروں کی ایک نمائش گاہ میں میری آپ سے ملاقات ہو گئی۔ آپ نے میری تصویروں میں دلچسپی لی اور مجھے اسی شام کو اپنے ہاں چائے پر بلا لیا۔ میں اپنے ہزاروں ہم پیشہ بھائیوں کی طرح غربت کی چکّی میں پس رہا تھا۔"

۳۴- مندرجہ بالا متن کی رو سے "کوڑیوں کے بھاؤ بکنا" اور "غربت کی چکّی میں پسنا" کے محاورات کے ترتیب وار صحیح معانی کونسے ہیں؟

۱) مفت قیمت میں بکنا۔ سادہ سی زندگی گزارنا
۲) مہنگے داموں میں بکنا۔ اچھی خاصی زندگی گزارنا
۳) سستے داموں میں بک جانا۔ زندگی خوشی سے گزارنا
۴) نہایت کم قیمت میں بکنا۔ زندگی کو مشکل سے گزارنا

ذیل کا متن پڑھ کر، سوال نمبر ۳۵ سے لے کر ۳۶ کے صحیح جوابات کی نشاندہی کیجئے:

"پھر ماسٹر جی کے لیے بستر لگایا گیا۔ چودھری نے ان کے لیے اکلوتی ریشمی رضائی نکلوائی اور وہ سفید جھالر والا تکیہ بھی، جس کے غلاف پر بارہ سنگھے کی تصویر کڑھی ہوئی تھی۔ بے شک تکیے میں لچک کی نسبت اکڑ زیادہ تھی اور ماسٹر جی کو اسے سر کے نیچے فٹ کرنے میں کچھ دقّت بھی پیش آئی، لیکن آخر آرام سے سو گئے۔ صرف ایک مرتبہ آدھی رات کے قریب گھوڑی کے کھانسنے سے ذرا انگریزی میں بڑبڑا کر جاگ اٹھے لیکن برابر ہی چودھری اور اس کا نوکر سو رہے تھے۔ انہوں نے گھوڑی کو چارا اور ماسٹر جی کو دلاسا دیا اور پھر صبح تک کوئی قابل ذکر واقعہ نہ ہوا۔"

۳۵- درج بالا متن کی رو سے کونسا جملہ درست ہے؟

۱) ماسٹر جی کا تکیہ بہت نرم اور آرام دہ تھا۔
۲) ماسٹر جی کے لیے جو تکیہ لایا گیا اس کے غلاف پر کسی جانور کی تصویر کڑھی ہوئی تھی۔
۳) ماسٹر جی فارسی زبان میں بڑبڑا کر جاگ اٹھے۔
۴) چودھری اور اس کے نوکر نے ماسٹر جی کا کوئی خیال نہیں رکھا۔

۳۶- درج بالا متن کی رو سے کونسا جملہ درست ہے؟

۱) ماسٹر جی آدھی رات چودھری اور اس کے نوکر دونوں کے کھانسنے سے جاگ اٹھا۔
۲) ماسٹر جی آدھی رات گھوڑی کے کھانسنے سے جاگ اٹھا۔
۳) ماسٹر جی پوری رات گہری نیند سو گیا۔
۴) ماسٹر جی کو تکیہ سر کے نیچے فٹ کرنے میں کوئی دقّت پیش نہیں آئی۔

۳۷- کونسے فقرے میں محاورے کا استعمال غلط ہے؟

۱) اپنے بھائی کی کامیابی کی خبر سن کر میرا دل باغ باغ ہو گیا۔
۲) آج ہمارے شہر میں وزیر تعلیم کی آمد کی خبر گرم ہے۔
۳) ہیں شش و پنج میں ہوں لاہور جاؤں یا نہ جاؤں۔
۴) اس نے بہت پاؤں مارا لیکن کامیاب نہ بن سکا۔

سایت کنکور Konkur.in

forum.konkur.in

www.konkur.in



۳۸- درج ذیل عبارت کی رو سے "کان پر جوں نہیں رینگنا" کے محاورے کا صحیح مطلب کیا ہے؟

"کل سے اتنی دیر میں آیا تو نوکری سے الگ کردوں گی۔ میں نامُراد کو بیسیوں مرتبہ کہلا چکی ہوں کہ صبح سویرے ہو جایا کرے۔ کان پر جوں نہیں رینگتی"

۱) لاپروا ہونا ۲) خوف کھانا ۳) خاطر میں لانا ۴) غور سے سننا

**ذیل کا متن پڑھ کر، سوال نمبر ۳۹ کے صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے:**

"روز کا خرخشہ ختم کرو اور راستے کا کانٹا نکال پھینکو۔ تو انھوں نے بے خبری میں آل ماجوج کو جالیا اور ان کے پہاڑے نکلنے سے پہلے ان پر ہلہ بول دیا۔"

۳۹- مندرجہ بالا متن "کانٹا نکال پھینکنا" اور "ہلہ بول دینا" کے ترتیب وار صحیح معانی کی نشاندہی کیجیے:

۱) پورا کرنا - حامی بھرنا ۲) مسئلہ ختم کرنا - حملہ کرنا

۳) صفائی کرنا - کڑی تنقید کرنا ۴) راستہ بنانا - داد دینا

**ذیل کا متن پڑھ کر، سوال نمبر ۴۰ سے لے کر ۴۱ کے صحیح جوابات کی نشاندہی کیجئے:**

"منظور نے کمبل سے اپنا سدا تمتمانے والا چہرہ ڈھانپ کر رونا شروع کر دیا۔ اختر کو بہت دکھ ہوا۔ دیر تک وہ اسے چمکارتا پچکارتا رہا۔ آخر اس کی آواز گلے میں رندھ گئی اور اس نے کروٹ بدل لی۔"

۴۰- اوپر دیے گئے فقرے کی رو سے کونسا جملہ صحیح ہے؟

۱) منظور نے اختر کو دلاسا دینے کی کوشش کی۔ ۲) اختر اپنا تمتماتا ہوا چہرہ کمبل میں چھپالیا۔

۳) اختر نے منظور کو دلاسا دیا۔ ۴) اختر کی آواز گلے میں رندھ گئی۔

۴۱- درج بالا متن کو مد نظر رکھتے ہوئے "آواز گلے میں رندھ گئی" سے مراد کیا ہے؟

۱) گلے سے آواز نہ نکلی۔ ۲) گلے سے آواز نکلی۔

۳) گلا صاف ہوا۔ ۴) گلے سے بھاری آواز نکلی۔

**ذیل کا متن پڑھ کر، سوال نمبر ۴۲ کے صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے:**

"بہادرو! دیکھتا ہوں کہ تمہارے دل گھٹے جاتے ہیں۔ تم جانتے ہو کہ جمعیت کے گھٹنے کا مضائقہ نہیں مگر دلوں کا گھٹنا غضب ہے، خدا نہ کرے کہ ذرا بھی ہوا پلٹے، پھر زمین و آسمان میں ٹھکانا نہیں۔ دیکھو! تیموری تلوار، جس نے یہاں تک پہنچایا، وہ تمہارے ہاتھ میں ہے، پھر خطر کس بات میں ہے؟ ہاں وہ بات نہ ہو کہ بے وفائی سے روسیاہی کے دفتر میں نام لکھا جائے اور ہڈیاں سب کی یہاں خاک ہوں۔"

۴۲- درج بالا متن کی رو سے "دل گھٹنا" اور "ہوا پلٹنا" محاورات کے مترادفات کونسے ہیں؟

۱) حوصلہ فراخ ہونا - حالات موافق ہونا ۲) ہمت پست ہونا - حالات بدلنا

۳) بلند حوصلہ رکھنا - راس آنا ۴) باہمت ہونا - موسم بدلنا

forum.konkur.in

www.konkur.in



۴۳- کونسی مثل کی وضاحت غلط ہے؟

۱) گیدڑ کی کم بختی آئے تو شہر کو بھاگا جائے: جس کے پاس کچھ نہ ہو، وہ اطمینان سے سوتا ہے۔

۲) چراغ سے چراغ جلتا ہے: ایک سے دوسرے کو فائدہ پہنچتا ہے۔

۳) چراغ تلے اندھیرا: غیروں کو فائدہ پہنچانا اور اپنوں کو محروم رکھنا۔

۴) گئے نماز بخشوانے، الٹے روزہ گلے پڑے: ایک مصیبت سے بچنا چاہا، دوسری میں پھنس گئے۔

**ذیل کا متن پڑھ کر، سوال نمبر ۴۴ سے لے کر ۴۵ تک کے صحیح جوابات کی نشاندہی کیجئے:**

"پرکاش کے بار بار اصرار پر ٹھاکر راضی ہو گئے۔ بارہ بجے تھے۔ آج پرکاش پھر جاگ رہا تھا۔ ویرو کے سرہانے چابیوں کا گچھا پڑا ہوا تھا، پرکاش نے گچھا اٹھا لیا۔ پھر "پرکاش کے بار بار اصرار پر ٹھاکر راضی ہو گئے۔ بارہ بجے تھے۔ آج پرکاش پھر جاگ رہا تھا۔ ویرو کے سرہانے چابیوں کا گچھا پڑا ہوا تھا، پرکاش نے گچھا اٹھا لیا۔ صندوق کھول کر اس میں سے زیورات کا ڈبا نکالا اور ٹھاکر صاحب کے گھر کی طرف چلا اور لرزتے پاؤں اور دھڑکتے دل کے ساتھ ان کے گھر میں داخل ہو گیا۔ ٹھاکر صاحب کے گھر پہنچ کر اس نے آہستہ سے دروازہ بند کیا اور گھر لوٹ آیا۔ وہ گھر پہنچا تو ویرو سو رہا تھا۔ اس نے چابیوں کا گچھا اس کے سرہانے رکھ دیا۔"

۴۴- اوپر دیے گئے متن کی رو سے کونسی بات درست ہے؟

۱) ویرو نے چابیوں کا گچھا پرکاش کے سرہانے سے نکال کر ٹھاکر کے گھر میں گھس گیا۔

۲) ٹھاکر صاحب نے چابیوں کا گچھا پرکاش کے حوالے کر دیا تھا۔

۳) پرکاش نے چابیوں کا گچھا ویرو کے سرہانے سے نکالا اور ٹھاکر صاحب کے گھر کی طرف چلا۔

۴) پرکاش اور ویرو نے ساتھ مل کر ٹھاکر صاحب کے گھر میں گھس گئے۔

۴۵- درج بالا متن کی رو سے پرکاش نے صندوق کھول کر کیا کیا؟

۱) زیورات کا ڈبا ویرو کے سرہانے پر رکھ دیا۔

۲) زیورات کو دیکھ کر دبے پاؤں گھر سے نکل گیا۔

۳) زیورات کو اٹھا کر بھاگ گیا۔

۴) زیورات کا ڈبا نکال کر ٹھاکر صاحب کے گھر کی طرف چل پڑا۔

سایت کنکور

*ادبیات منظوم:*

Konkur.in

۴۶- وہ کونسی صنعت شعری ہے جو رعایت لفظی کا ایک مخصوص انداز ہے اور اس کا تمام دارومدار ذو معنی الفاظ کے فنکارانہ استعمال پر ہوتا ہے؟

۱) تضاد

۲) ایہام

۳) لف و نشر

۴) مجاز مرسل

۴۷- ذیل کے شعر میں کونسی صنعت شعری پائی جاتی ہے؟

سجدہ شکر میں ہے شاخ ثمر دار ہر ایک
دیکھ کر باغ جہاں میں کرم عزّ و جل

۱) ایہام

۲) تلمیح

۳) تضاد

۴) حُسن تعلیل

forum.konkur.in

www.konkur.in



۴۸۔ کونسے شعر میں مبالغہ کی صنعت موجود نہیں؟

۱) دل میں ہر وقت چبھن رہتی تھی — تھی مجھے کس کی طلب یاد نہیں
۲) رشتہ عمر میں تیرے پڑی گرہیں اتنی — بچہ گننے کو جو بیٹھے تو بوڑھا ہو جائے
۳) کل رات ہجرِ یار میں رویا میں اس قدر — چوتھے فلک پہ پہنچا تھا پانی کمر کمر
۴) بگذار تا بگریم چون ابر در بہاران — کز سنگ نالہ خیزد روز وداع یاران

۴۹۔ ذیل کے شعر کا صحیح مفہوم کونسا ہے؟

"شب جو مسجد میں جا پھنسے مومنؔ — رات کاٹی خدا خدا کر کے"

۱) مومن نے رات کو کاٹ کر صبح تک خدا کی عبادت کی۔
۲) شب کو مومن نے خوشی سے اللہ کا ذکر کر کے گزارا کیا۔
۳) رات کو مومن مسجد میں خدا کی عبادت کے لئے گیا لیکن اس نے بڑی مشکل رات گزاری۔
۴) مومن کو مسجد میں پھنسایا گیا تو وہ فرصت پا کر خدا کا ذکر کرتا رہا۔

۵۰۔ ذیل کے شعر کے پیش نظر یہ بتائیں کہ کونسے دو الفاظ میں صنعت تضاد نظر نہیں آ رہی ہے؟

یاں کے سپید و سیاہ میں ہم کو دخل جو ہے سو اتنا ہے — رات کو رو رو صبح کیا یا دن کو جوں توں شام کیا

۱) سپید - سیاہ ۲) جو - سو ۳) رات - صبح ۴) دن - شام

۵۱۔ کونسی بات ذیل کے شعر کے مفاہیم میں شامل نہیں؟

یہ آرزو تھی تجھے گل کے روبرو کرتے — ہم اور بلبلِ بیتاب گفتگو کرتے

۱) شاعر اپنے آپ کو گلاب کے پھول اور بلبل سے بڑھ کر سمجھتا ہے۔
۲) شاعر اپنے محبوب سے مخاطب ہو کر کہتا ہے کہ اے محبوب ہمیں تمہارے حسن اور اپنی محبت پر ناز ہے۔
۳) شاعر یہ کہنا چاہتا ہے کہ ہم یہ ثابت کر سکتے ہیں کہ اے محبوب تم اس کائنات کی حسین ترین شے ہو۔
۴) بلبل سے ہمکلام ہو کر ہم نے یہ ثابت کر دیئے کہ اس دنیا میں تمہارا حسن گلاب سے بھی بڑھ کر ہے۔

۵۲۔ ذیل کے شعر کا صحیح مفہوم کونسا ہے؟

تھکیں جو پاؤں تو چل سر کے بل نہ ٹھہر آتش — گلِ مراد ہے منزل میں، خار راہ میں ہے

۱) گل مراد سفر میں میسر ہوتا ہے اور منزل میں کانٹے ملتے ہیں۔
۲) سفر میں پاؤں تھکتا ہے تو سر، زمین پر رکھ کر آرام کرنا چاہیے۔
۳) جب سفر کا آغاز کر دیا گیا، اگر چلتے چلتے پاؤں تھک جائیں تو نہیں رُکنا چاہیے۔ منزل پر پہنچ کر تو آرام وسکون میسر آ جاتا ہے۔
۴) اے آگ ٹھہر جا اور آگے مت جا! چونکہ راستے میں کانٹے پڑے ہیں۔

۵۳۔ ذیل کے شعر میں کونسی صنعت شعری موجود ہے؟

رو میں ہے رخشِ عمر کہاں دیکھیے تھمے — نے ہاتھ باگ پر ہے نہ پا ہے رکاب میں

۱) تضاد ۲) مراعات النظیر ۳) قلب ۴) ایہام

۵۴۔ ذیل کے شعر میں کونسی صنعت شعری موجود ہے؟

تیرے رخسار و قد و چشم کے ہیں عاشق زار — گل جدا، سرو جدا، نرگس بیمار جدا

۱) لف و نشر مرتب ۲) لف و نشر غیر مرتب ۳) ترصیع ۴) تضمین

forum.konkur.in

www.konkur.in



۵۵- ذیل کی عبارت، کونسے شعر کی تشریح کرتی ہے؟

"جب نوجوانوں میں ارادے اور ہمت کی بلندی کا خاص جوہر پیدا ہوتا ہے تو وہ آسمانوں کو اپنی منزل مقصود بنا لیتے ہیں۔ مقصود یہ ہے کہ ہمت و حوصلہ میں مسلمان نوجوانوں کی منزل آسمانوں جتنی اونچی تو ہونی چاہیے۔ ہمت و حوصلہ کے بغیر جدو جہد نہیں کی جا سکتی اور انسان ترقی نہیں کر سکتا ہے۔"

۱) عقابی روح جب بیدار ہوتی ہے جوانوں میں / نظر آتی ہے ان کو اپنی منزل آسمانوں میں
۲) نہیں تیرا نشیمن قصر سلطانی کے گنبد پر / تو شاہیں ہے بسیرا کر پہاڑوں کی چٹانوں میں
۳) افراد کے ہاتھوں میں ہے اقوام کی تقدیر / ہر فرد ہے ملت کے مقدر کا ستارا
۴) پرواز ہے دونوں کا اسی ایک فضا میں / کرگس کا جہاں اور ہے شاہیں کا جہاں اور

۵۶- کونسے شعر میں صنعت تشبیہ نظر نہیں آتی ہے؟

۱) شام سے کچھ بجھا سا رہتا ہے / دل ہوا ہے چراغ مفلس کا
۲) آن چشم دل فریب تو اندر سپیده روز / چون ماه روشن است در اعماق شام من
۳) نازکی اس کے لب کی کیا کہیے / پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے
۴) ذکر وفا کیجیے اس سے جو واقف نہ ہو / کہتے ہو کس سے یہ تم ٹک تو ادھر دیکھنا

۵۷- "اُداسی" کونسے شاعر کی شناخت بن گئی ہے؟

۱) علامہ اقبال ۲) ن۔م راشد ۳) ناصر کاظمی ۴) حسرت موہانی

۵۸- حسرت موہانی کو رئیس المتغزلین کس وجہ سے کہا جاتا ہے؟

۱) انھوں نے غزل کی پرانے مضامین کو نظر انداز کرنے کی کوشش کی۔
۲) انھوں نے غزل میں علامت اور رموز کو عصری حقیقت کی ترجمانی کے لئے استعمال کیا۔
۳) حسرت موہانی نے اپنے قصیدوں میں تغزل کا کمال دکھایا۔
۴) حسرت موہانی نے اردو غزل کو فارسی مضامین سے دوبارہ مالامال کیا۔

۵۹- کونسا مفہوم ذیل کے شعر کے مفاہیم میں شامل نہیں؟

بات پر، واں زباں کٹتی ہے / وہ کہیں اور سنا کرے کوئی

۱) محبوب سخت مزاج ہے اور عاشق کی بات نہیں سنتا ہے۔
۲) محبوب یہ چاہتا ہے کہ وہ برابر بُرا بھلا کہتا رہے اور عاشق خاموشی سے سنتے رہیں۔
۳) محبوب کسی طرح عاشق کی بات سننے پر آمادہ نہیں ہوتا ہے۔
۴) جب کوئی ہمارے خلاف بات کرے وہ چپ چاپ سنتا ہے۔

۶۰- ذیل کے شعر میں ارکان تشبیہ میں سے مشبہ اور مشبہٌ بہ کی نشاندہی کیجیے۔

کسی نے مول نہ پوچھا دلِ شکستہ کا / کوئی خرید کے ٹوٹا پیالہ کیا کرتا

۱) مشبہ: دلِ شکستہ مشبہ بہ: ٹوٹا پیالہ
۲) مشبہ: دلِ مشبہ بہ: مول
۳) مشبہ: ٹوٹا پیالہ مشبہ بہ: دلِ شکستہ
۴) مشبہ: مول مشبہ بہ: خرید

۶۱- ناصر کاظمی نے کونسے شاعر کا رنگ سخن لاشعوری طور پر اختیار کر لیا ہے؟

۱) میر تقی میر ۲) شبلی نعمانی ۳) فراق گورکھپوری ۴) ولی دکنی

forum.konkur.in

www.konkur.in



۶۲- حفیظ جالندھری کی شاعری کے پیش نظر کونسی بات اس پر صادق نہیں آتی ہے؟

۱) شاعر اسلام ۲) شاعر فطرت ۳) قنوطی شاعر ۴) شاعر شباب

۶۳- اردو ادب کے وہ کونسے شاعر ہیں جن کی ایک ہتھیلی پر رومانیت کا چراغ فروزان ہے اور دوسری ہتھیلی پر سماجیت کی مشعل جل رہی ہے؟

۱) اصغر گونڈوی ۲) مجید امجد ۳) جگر مرادآبادی ۴) فیض احمد فیض

۶۴- کونسے شعر میں صنعت تلمیح موجود نہیں؟

۱) معرکہ خیر وشر کا بہ پا ہے یہاں / زندگی جنگ کا دوسرا نام ہے

۲) بے خطر کود پڑا آتش نمرود میں عشق / عقل ہے محو تماشائے لب بام ابھی

۳) آ رہی ہے چاہ یوسف سے صدا / دوست یاں تھوڑے ہیں دشمن بہت

۴) عاشق اس غیرت بلقیس کا ہوں اے آتش / بام تک جس کے کبھی مرغ سلیمان نہ گیا

۶۵- کونسے شعر میں صنعت تعلّی موجود ہے؟

۱) کبھی فرازؔ سے آ کر ملو جو وقت ملے / یہ شخص خوب ہے اشعار کے علاوہ بھی

۲) اجالے اپنی یادوں کے ہمارے ساتھ رہنے دو / نہ جانے کس گلی میں زندگی کی شام ہو جائے

۳) زندگی کی کیا رہی باقی امید / ہو گئے موئے سیاہ، موئے سفید

۴) اس نقش پا کے سجدے نے کیا کیا کیا ذلیل / میں کوچہ رقیب میں بھی سر کے بل گیا

۶۶- قصہ کہانیاں لکھنے کے لئے کونسی صنف شعر سب سے زیادہ مناسب ہے؟

۱) رباعی ۲) مستزاد ۳) غزل ۴) مثنوی

۶۷- ایک قصیدے میں عام طور پر گریز کہاں واقع ہوتا ہے اور قصیدے کا آخری حصہ کیا ہوتا ہے؟

۱) مطلع کے فوراً بعد گریز لکھا جاتا ہے اور تشبیب قصیدے کا آخری حصہ ہوتا ہے۔

۲) گریز تشبیب کے بعد آتا ہے اور دعا قصیدے کا آخری حصہ ہوتا ہے۔

۳) گریز مدح کے بعد آتا ہے اور تشبیب قصیدے کا آخری حصہ ہوتا ہے۔

۴) گریز قصیدے کا پہلا حصہ ہے اور قصیدے کا آخری حصہ دعا ہے۔

۶۸- کونسے شاعر کے کلام میں متصوفانہ کلام کا ذکر ان کے ذاتی تجربے پر مبنی ہے؟

۱) اکبر الہ آبادی ۲) میرزا غالب دہلوی ۳) خواجہ میر درد ۴) مرزا محمد رفیع سودا

۶۹- کونسی اصناف شعر دراصل ایک سلسلے کی کڑی شمار ہوتی ہیں؟

۱) نظم نو- دوبیتی ۲) غزل- رباعی ۳) قصیدہ- مثنوی ۴) قصیدہ- ہجو

۷۰- کونسے شعر کا مضمون ذیل کے شعر کے ساتھ مماثل ہے؟

عَدم کے کُوچ کی لازم ہے فکر ہستی میں / نہ کوئی شہر، نہ کوئی دیار راہ میں ہے

۱) فراہم زر کا کرنا باعث اندوہ دل ہووے / نہیں کچھ جمع سے غنچے کو حاصل جز پریشانی

۲) آخرت میں اعمال نیک ہی کام آئیں گے / پیش ہے تجھ کو سفر، زادِ سفر پیدا کر

۳) موت اک ماندگی کا وقفہ ہے / یعنی آگے چلیں گے دم لے کر

۴) کشمکش ہائے الم سے اب یہ حسرت جی میں ہے / چھٹ کے ان جھگڑوں سے مہمان قضا ہو جائیے

forum.konkur.in

www.konkur.in



۷۱۔ مذکورہ ذیل کونسے شعر میں تصوف کا مضمون نہیں پایا جاتا ہے؟

۱) دل کو لے جاتی ہیں معشوقوں کی خوش اسلوبیاں ورنہ ہے معلوم ہم کو سب انہوں کی خوبیاں

۲) مٹ جائیں ایک آن میں کثرت نمائیاں ہم آئنے کے سامنے جب آکے ہو کریں

۳) وحدت میں تیری حرف دوئی کا نہ آسکے آئینہ کیا مجال تجھے منہ دکھاسکے

۴) ہے جلوہ گاہ تیرا، کیا غیب کیا شہادت یاں ہے شہود تیرا، واں ہے حضور تیرا

۷۲۔ کونسا فقرہ اس شعر کے مفاہیم میں شامل ہے؟

قفس اُداس ہے یارو صبا سے کچھ تو کہو کہیں تو بہرِ خدا آج ذکرِ یار چلے

۱) اے صبا کچھ تو کہو اداسی کی وجہ کیا ہے؟

۲) یاروں کو بتاؤ صبا اداس ہے یاروں کو بھی اداس کرتی ہے۔

۳) صبح کی ہوا ہمارے محبوب کے وجود کی خوشبو لے کر آئے اور ہمارے اداس دل کو تر و تازگی فراہم کردے۔

۴) میرے سامنے بہر خدا یار کا ذکر نہ کریں۔

۷۳۔ ذیل کے شعر کی صحیح وضاحت کونسی ہے؟

رنج سے خوگر ہوا انسان تو مٹ جاتا ہے رنج مشکلیں اتنی پڑیں مجھ پر کہ آساں ہو گئیں

۱) انسان کو زندگی میں جب زیادہ خوشیوں کا سامنا ہوتا ہے، تب مصائب و آلام کا احساس رفتہ رفتہ ختم ہو جاتا ہے۔

۲) انسان کو چاہیے کہ درد و رنج کو اپنے آپ سے دور کرے تاکہ آسانی سے زندگی گزار سکے۔

۳) اگر زندگی میں مشکلیں زیادہ ہیں، ان کو مٹانے کی کوشش کرنا ہی صحیح ہے۔

۴) انسان کو زندگی میں جب زیادہ درد و رنج کا سامنا ہوتا ہے، تب مصائب و آلام کا احساس رفتہ رفتہ ختم ہو جاتا ہے اور ہر مشکل آسان نظر آتی ہے۔

۷۴۔ ذیل کے شعر میں، ارکان استعارے کونسے ہیں؟

ایک روشن دماغ تھا نہ رہا شہر میں ایک چراغ تھا نہ رہا

۱) مستعارٌ لہ: چراغ مستعارٌ منہ: انسان (روشن دماغ) وجہ جامع: روشنی

۲) مستعارٌ لہ: شہر مستعارٌ منہ: چراغ وجہ جامع: روشنی

۳) مستعارٌ لہ: دماغ مستعارٌ منہ: شہر وجہ جامع: روشنی

۴) مستعارٌ لہ: انسان (روشن دماغ) مستعارٌ منہ: چراغ وجہ جامع: روشنی

۷۵۔ کونسا مجموعہ ن۔م راشد کے شعری مجموعوں میں شمار نہیں ہوتا ہے؟

۱) روح ادب ۲) ایران میں اجنبی ۳) لا = مساوی ۴) گمان کا ممکن

*ادبیات منثور:*

۷۶۔ ڈرامے، افسانے اور ناول کی اجزاء میں کونسے عناصر مشترکہ ہیں؟

۱) منظر نگاری اور طوالت ۲) پلاٹ اور طوالت

۳) منظر نگاری اور اختصار ۴) مکالمہ اور کردار نگاری

forum.konkur.in

www.konkur.in



۷۷۔ کونسا فقرہ، محمد حسین آزاد کا صحیح وصف پیش کرتا ہے؟

۱) وہ اخباروں میں کامیاب کالم نویس تھے۔
۲) وہ اردو کے صاحب طرز انشاء پرداز ہیں۔
۳) وہ اردو کے ابتدائی مزاح نگاروں میں شمار ہوتے ہیں۔
۴) علیگڑھ تحریک کے مشہور بانیوں میں شمار ہوتے ہیں۔

۷۸۔ "حیات جاوید" کس ادبی شخصیت کی سوانح عمری ہے؟

۱) مرزا اسداللہ خان غالب
۲) مولانا الطاف حسین حالی
۳) ڈپٹی نذیر احمد
۴) سر سید احمد خان

۷۹۔ اردو ادب میں علامہ راشد الخیری کو کس وجہ سے "مصور غم" کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے؟

۱) اپنی تصانیف میں افغانستان میں مزدور طبقے کی مشکلات کی عکاسی کی وجہ سے۔
۲) اپنی تصانیف میں کشمیری بچوں کے آلام و مصائب کے ذکر کی وجہ سے۔
۳) اپنی تصانیف میں عورت کی مظلومیت کی دردناک تصویریں پیش کرنے کی وجہ سے۔
۴) اپنی تصانیف میں ہندوستان میں انگریزوں کے ہاتھوں مسلمانوں کے مصائب کی عکاسی کی وجہ سے۔

۸۰۔ الطاف حسین حالی کی کونسی تصنیف، اردو کی بوطیقا کہلاتی ہے ؟

۱) حیات سعدی
۲) مسدس مد و جزر اسلام
۳) مقدمہ شعر و شاعری
۴) یادگار غالب

۸۱۔ کونسا ڈراما المیہ ڈراموں میں شمار ہوتا ہے؟

۱) انارکلی
۲) اندر سبھا
۳) رستم و سہراب
۴) پس پردہ

۸۲۔ کونسی صنف نثر مشتاق احمد یوسفی، کرنل محمد خان اور ابن انشاء میں قدر مشترک ہے؟

۱) سفر نامہ نگاری
۲) مزاح نگاری
۳) خاکہ نگاری
۴) رپورتاژ نگاری

۸۳۔ کس کو اردو مضمون نویسی کا بانی شمار کیا جاتا ہے اور ان کا کونسا رسالہ اس سلسلے میں مشہور ہے؟

۱) عبدالسلام ندوی - شعر الہند
۲) ابوالکلام آزاد - غبار خاطر
۳) مرزا اسداللہ خان غالب - دستنبو
۴) سر سید احمد خان - تہذیب الاخلاق

۸۴۔ کونسے مصنف بطور "خاکہ نگار" بھی پہچانے جاتے ہیں؟

۱) چراغ حسن حسرت - مولوی عبدالحق - عصمت چغتائی
۲) مرزا ہادی رسوا - واجد علی شاہ - نسیم حجازی
۳) مولوی عبدالحق - واجد علی شاہ - جوش ملیح آبادی
۴) مرزا ہادی رسوا - چراغ حسن حسرت - بانو قدسیہ

۸۵۔ کونسی صنف نثر، افسانوی ادب کے زمرے میں شمار نہیں ہوتی ہے؟

۱) ناول
۲) انشائیہ
۳) افسانہ
۴) ڈرامہ

۸۶۔ سفر نامے کے ضمن میں کونسی بات درست ہے؟

۱) سفر نامہ افسانوی ادب کی ایک اہم صنف ہے۔
۲) سفر نامہ ایک طرح کی روداد یا رپورتاژ ہے جسے آپ بیتی کی ایک شکل کہا جاتا ہے۔
۳) سفر نامہ دراصل مکتوب نگاری کی ایک شاخ ہے۔
۴) سر سید احمد خان نے عجائبات فرنگ کے نام سے ایک سفر نامہ لکھا۔

۸۷۔ "باغ و بہار" اور "نو طرز مرصع" کونسی فارسی داستان کا اردو ترجمہ ہیں ؟

۱) لیلیٰ و مجنون
۲) شیرین و خسرو
۳) بیژن و منیژہ
۴) چہار درویش

سایت کنکور
Konkur.in

forum.konkur.in

www.konkur.in



۸۸- موضوع کے اعتبار سے "سات سمندر پار" اور "چلتے ہو تو چین کو چلیے" کیسی تصانیف ہیں؟

۱) دونوں سوانح عمری ہیں۔
۲) سات سمندر پار آپ بیتی اور چلتے ہو چین کو چلیے افسانہ ہے۔
۳) دونوں سفر نامے ہیں۔
۴) سات سمندر پار ناول اور چلتے ہو چین کو چلیے سفر نامہ ہے۔

۸۹- افسانے کے اجزائے ترکیبی میں ایک ہی مقصد کو اجاگر کرنے کا کیا نام ہے؟

۱) مکالمہ نگاری ۲) پلاٹ ۳) کردار نگاری ۴) وحدت تاثر

۹۰- وزیر آغا نے کونسی صنف نثر میں نمایاں مقام حاصل کیا؟

۱) انشائیہ نگاری ۲) تذکرہ نگاری ۳) تبصرہ نگاری ۴) ناول نگاری

۹۱- "خاکہ نگاری" کی خصوصیات کے پیش نظر، کونسی بات مناسب نہیں؟

۱) اختصار و جامعیت خاکہ نگاری کا بنیادی وصف ہے۔
۲) ایک خاکے میں کسی شخص کے بنیادی مزاج، اس کی افتاد طبع، انداز فکر و عمل کا ذکر کیا جاتا ہے۔
۳) ایک خاکے میں خاکہ نگار اپنی زندگی کے مکمل احوال و واقعات کو بیان کرتا ہے۔
۴) خاکے میں ایک شخص کے تفصیلی حالات و واقعات کی بجائے، اس کا کوئی خاص پہلو قارئین کے سامنے لایا جاتا ہے۔

۹۲- کونسی بات ناول کی خصوصیات میں شامل نہیں؟

۱) ناول کا موضوع انسانی زندگی ہے۔
۲) ناول نگاری میں، فرضی، خیالی اور مافوق فطرت باتوں سے اجتناب کیا جاتا ہے۔
۳) ناول کے معنی، انوکھا، نرالا اور عجیب کے ہیں۔
۴) ناول نگاری میں، فرضی، خیالی اور مافوق فطرت باتوں کا اہتمام کیا جاتا ہے۔

۹۳- کونسی بات "سوانح نگاری" کی خصوصیات میں شامل نہیں؟

۱) سوانح نگار کو صداقت، غیر جانبداری اور انصاف سے کام لینا چاہیے۔
۲) سوانح نگار، اپنی ذاتی سوانح اور اپنے احوال و واقعات کو بیان کرتا ہے۔
۳) ہیرو کے محاسن و معائب دونوں پہلوؤں کا بیان منصفانہ طریقے سے کرنا چاہیے۔
۴) سوانح نگار کو یہ ضروری ہے کہ ہیرو کے حالات و واقعات کی تحقیق میں بڑی کاوش و محنت سے کام لے۔

۹۴- اردو ادب میں مزاح نگاری کے پیش نظر کونسا مصنف اس صنف کے مصنفوں میں شمار نہیں ہوتا ہے؟

۱) پطرس بخاری ۲) رشید احمد صدیقی ۳) انور سدید ۴) مشتاق احمد یوسفی

۹۵- کونسی داستان فورٹ ولیم کالج کے اہتمام میں نہیں لکھی گئی ہے؟

۱) نوطرز مرصع ۲) آرائش محفل ۳) باغ و بہار ۴) توتا کہانی

۹۶- عام طور پر ایک ناول کی عمدگی کا انحصار کس بات پر ہوتا ہے؟

۱) مکالمہ ۲) کردار ۳) پلاٹ ۴) موضوع

۹۷- پریم چند کی ناول نگاری کے ضمن میں کونسی بات غلط ہے؟

۱) ناول نگاری میں پریم چند کا نقطہ نظر اصلاحی تھا۔
۲) پریم چند اپنے ناولوں میں ہندوستانی معاشرے میں جدید مغربی تہذیب کو روشناس کرنا چاہتے تھے۔
۳) پریم چند نے ہندوستان کے غریب دیہاتیوں اور کسانوں کی زندگی بڑی خوبصورتی کے ساتھ اپنے ناولوں میں پیش کیا۔
۴) پریم چند اپنے ناولوں میں قدیم روایات اور مشرقی قدروں کو دوبارہ زندہ کرنا چاہتے تھے۔

forum.konkur.in

www.konkur.in



۹۸۔ کونسی بات ناول اور افسانے کے بنیادی اختلافات کے بیان کے ضمن میں صحیح نہیں؟

۱) افسانے میں ایک ہی پلاٹ ہوتا ہے۔ لیکن ناول میں مرکزی پلاٹ کے ساتھ ساتھ کئی چھوٹے چھوٹے ضمنی پلاٹ بھی ہوتے ہیں۔

۲) ناول کا کینوس زندگی کی طرح بے حد وسیع ہوتا ہے۔ مگر افسانے میں اتنا پھیلاؤ نہیں ہوتا ہے۔

۳) افسانہ طویل ہوتا ہے اور ناول مختصر۔

۴) افسانے میں کسی کردار کی محض ایک جھلک، ایک جذباتی یا اضطرابی کیفیت پیش کی جاتی ہے مگر ناول میں تفصیل کے ساتھ زندگی کی پیچیدگیاں موضوع بنائی جا سکتی ہیں۔

۹۹۔ مذکورہ ذیل افسانوی کرداروں میں سے کونسا کردار مزاحیہ کردار نہیں؟

۱) ماما عظمت ۲) چچا چھکن ۳) حاجی بغلول ۴) خوجی

۱۰۰۔ "طنز" و "مزاح" کی اصطلاحات کی وضاحت کے ضمن میں کونسی بات صحیح نہیں؟

۱) طنز و مزاح ایک ہی خصوصیت کے حامل دو مترادف اصطلاحات ہیں۔

۲) طنز، مزاح کی ایک شکل ہے جس میں زندگی کی ناہمواریوں پر ہمدردی کے بجائے نفرت کا جذبہ کارفرما ہوتا ہے۔

۳) مزاح کے معنی ہیں ہنسی مذاق، جبکہ طنز کے معنی طعنہ یا چھیڑ کے ہیں۔

۴) مزاح کے برعکس طنز ایک باشعور، حساس اور دردمند انسان کے ذہنی ردّ عمل کا نتیجہ ہے۔

## تاریخ ادبیات اردو:

۱۰۱۔ سر سید احمد خان کے پیش نظر تہذیب الاخلاق کے جاری کرنے کا اولین مقصد تھا؟

۱) مسلمانوں کو ہندوستان کی سیاست میں حصہ لینے سے باز رکھنا ۲) اردو زبان کی ترویج و اشاعت

۳) بچوں کو مضمون نگاری کی تعلیم ۴) مسلمانوں کے مذہبی و معاشرتی معاملات میں اصلاح

۱۰۲۔ علیگڑھ تحریک میں کن پہلوؤں پر زیادہ زور دیا گیا؟

۱) رومانیت اور تخیل کی پرورش پر

۲) مغربی علوم کے ترویج کی حمایت اور دیسی علوم میں تبدیلی میں تیز رفتاری پر۔

۳) عقلیت، افادیت اور مقصدیت پر۔

۴) انگریزی زبان کی تعلیم اور اس زبان کی کتابوں کے اردو میں تراجم پر

۱۰۳۔ فورٹ ولیم کالج کے قیام سے برطانوی حکومت کیا مقاصد حاصل کرنا چاہتی تھی؟

۱) ہندوستان کی زبان، معاشرتی و سیاسی حالات اور اپنے انتظامیہ کو بہتر انداز میں چلانا۔

۲) انگریزی تجار کو ہندوستانی عوام سے قریب لانا۔

۳) ہندوستان کی مقامی زبانوں اور بولیوں کی اصلاح۔

۴) انگریزی زبان کی تعلیم و تدریس کے لئے راستہ ہموار کرنا۔

۱۰۴۔ ایہام گو شعرا نے ذو معنی الفاظ کا بے دریغ استعمال کیا اور اس وقت کی شاعری پر، تصنع غالب آگیا۔ اس سے اردو شاعری پر کیا اثرات پڑے؟

۱) اس سے اردو شاعری پر کوئی اثر نہیں پڑا۔ ۲) اردو شاعری مشکل نظر آئی اور ترک کر دی گئی۔

۳) اردو شاعری تصوف سے خالی ہو گئی۔ ۴) اردو شاعری فکری عناصر سے خالی ہو گئی۔

forum.konkur.in

www.konkur.in



۱۰۵- اردو ادب میں ترقی پسند تحریک کے پیش نظر، کونسی بات صحیح ہے؟

۱) بمبئی میں ترقی پسند تحریک کی پہلی کانفرنس کی صدارت سجاد ظہیر نے کی۔

۲) ترقی پسند تحریک کی پہلی کل ہند کانفرنس ۱۹۳۶ء میں لکھنؤ میں منعقد ہوئی۔

۳) ۱۹۳۶ء میں لندن میں ترقی پسند تحریک کی پہلی عالمی کانفرنس منعقد ہوئی۔

۴) ترقی پسند ادیب اپنی تخلیقات میں اجتماعی زندگی کو نظرانداز کرکے، انفرادی زندگی کے مسائل کو پیش کرتا ہے۔

۱۰۶- صنائع بدائع کا بے تحاشا استعمال، شاعری میں عامیانہ پن اور ابتذال کس دبستان ادب کی خصوصیات میں شامل ہیں؟

۱) دبستان دہلی اور لاہور ۲) دبستان دہلی ۳) دبستان لاہور ۴) دبستان لکھنؤ

۱۰۷- کونسا شاعر قصیدے کا شاعر شمار نہیں ہوتا ہے؟

۱) شیخ محمد ابراہیم ذوق ۲) مرزا محمد رفیع سودا ۳) مجید امجد ۴) مرزا اسداللہ خان غالب

۱۰۸- مولانا شبلی کے کونسے شاگرد نے ان کی اہم کتاب سیرت النبی کی تصنیف کو پایہ تکمیل تک پہنچایا؟

۱) مولانا عبدالسلام ندوی ۲) مولانا محمد علی جوہر ۳) حسرت موہانی ۴) مولوی عبدالحق

۱۰۹- ملاوجہی کونسے خاندان کے شاعر تھے؟ کونسی کتابیں ان کی تصانیف میں سے ہیں؟

۱) انگریزی دور کے شاعر ملاوجہی کی شعری و نثری تصانیف، سب رس اور قطب مشتری ہیں۔

۲) عادل شاہی خاندان کے درباری شاعر، م غواصی کی شعری و نثری تصانیف، فسانہ عجائب اور قطب مشتری ہیں۔

۳) مغل خاندان کے درباری شاعر، نصرتی کی شعری تصانیف، سب رس اور قطب مشتری ہیں۔

۴) قطب شاہی خاندان کے درباری شاعر، ملاوجہی کی شعری و نثری تصانیف، سب رس اور قطب مشتری ہیں۔

۱۱۰- کونسے شعراء اردو مرثیہ گوئی میں مشہور ہیں؟

۱) حسرت موہانی- جگر مرادآبادی ۲) میر انیس- مرزا دبیر

۳) مرزا اسداللہ خان غالب- علامہ اقبال ۴) آغا حسن امانت- خواجہ حیدر علی آتش

## ترجمه متون سیاسی، فرهنگی، ادبی و اجتماعی:

سایت کنکور Konkur.in

۱۱۱- درج ذیل اردو تراکیب کی ترتیب وار صحیح فارسی تراجم کی نشاندہی کیجیے۔

"انسداد دہشتگردی۔ نسلی امتیازات۔ بین الاقوامی پابندیاں۔ ہدایات"

۱) مبارزه باتروریست- تعصّبات نژادی- تحریم خارجی- دستورالعمل ها

۲) مبارزه باتروریسم- تبعیض های نژادی- تحریم های بین المللی- دستورالعمل ها

۳) مبارزه باتروریسم- تبعیضات نژادی- ممانعت های بین المللی- هدایات

۴) مبارزه باترس- برتری نژادی- تحریم های بین قاره ای- دستورات

forum.konkur.in

www.konkur.in



۱۱۲۔ درج ذیل فارسی رباعی کا صحیح اردو ترجمے کی نشاندہی کیجیے۔

"خرد گفت او بہ چشم اندر نگنجد　　نگاہ شوق در امید و بیم است

نمی گردد کہن افسانۂ طور　　کہ در ھر دل تمنّای کلیم است"

۱) عقل بولی کہ وہ آنکھوں سے نہیں جاتی، لیکن اس کی نگاہ شوق وامید ویاس سے بھری ہے۔ طور سیناکا قصہ پرانا نہیں ہوگا۔ کہ ہر دل میں کلیم کی تمنا ہے۔

۲) عقل نے کہاوہ میری نظر میں ہے۔ لیکن میری نگاہ میں وہ امیدوار ہے۔ طور کی کہانی پرانی ہے اور ہر شخص کے دل میں کلیم نے جگہ بنالی ہے۔

۳) عقل بولی کہ وہ آنکھوں میں نہیں سماتا، لیکن نگاہ شوق امید ویاس میں مبتلا ہے۔ طور سیناکا قصہ کبھی پرانا نہیں ہوگا۔ کہ ہر دل میں کلیم ہونے کی تمنا ہے۔

۴) عقل نے کہاکہ وہ آنکھوں میں سماتا ہے، لیکن میری نگاہ میں شوق وامید ویاس ہے۔ طور سیناکا قصہ پرانا ہے۔ اور ہر دل میں کلیم ہونے کی تمنا ہے۔

۱۱۳۔ درج ذیل اردو عبارت کے فارسی ترجمے کی نشاندہی کیجیے۔

"وہ ہانپتا کانپتا اپنی گاڑی تک پہنچا اور اس کے دروازے کے ساتھ ٹیک لگا کر کھڑا ہوگیا۔"

۱) او لرزان و نفس زنان خودش را بہ ماشین رساند و بہ درش تکیہ کرد و ایستاد.

۲) او ترسان و لرزان خودش را تا ماشین رساند و در ماشین را باز کرد و ایستاد.

۳) او نفس نفس زنان خودش را تا دم ماشین رساند و نفسی تازہ کرد و ایستاد.

۴) وقتی نفس نفس زنان خودش را بہ ماشین رساند توانست سرپا بایستد.

۱۱۴۔ درج ذیل فارسی تراکیب کی ترتیب وار صحیح اردو تراجم کی نشاندہی کیجیے۔

" بازار ارز - اخذ مالیات - صادرات - تولید "

۱) ڈالر کی دکان - ادائیگی ٹیکس - درآمدات - پیدائش

۲) صرافہ مارکیٹ ۔ ٹیکس وصولی ۔ برآمدات ۔ پیداوار

۳) ڈالر کی دکان — ٹیکسٹ بورڈ - درآمدات - محصول

۴) ارضی بازار - ٹکسالی - درآمد برآمد - پیدا شدہ

۱۱۵۔ درج ذیل فارسی عبارت کے صحیح اردو ترجمے کی نشاندہی کیجیے۔

"وزیر خارجہ در دیدار با مقامات بلند پایہ ی پاکستانی در مورد گسترش روابط دوجانبہ، پیگیری روند اجرای توافقات میان دو کشور و رایزنی در خصوص مسائل منطقہ ای و بین المللی، گفتگو خواھند کرد."

۱) وزیر خارجہ، اعلی پاکستانی حکام سے ملاقات کے دوران باہمی تعلقات کی توسیع، دونوں ملکوں کے درمیان طے پانے والے معاہدوں کے نفاذ سمیت بین الاقوامی اور علاقائی امور پر گفتگو کریں گے۔

۲) وزیر خارجہ، پاکستانی حکام سے مل کر دوطرفہ تعلقات کی توسیع، دونوں ملکوں کے درمیان ہونے والے مفاہمتی یادداشتوں سمیت علاقائی موضوعات پر گفتگو کریں گے۔

۳) اعلی پاکستانی حکام، وزیر خارجہ سے ملاقات کے دوران دونوں ملکوں کے درمیان اہم مفاہمتی یادداشتوں اور بین الاقوامی اور علاقائی مسائل کے حوالے سے تبادلہ خیال کریں گے۔

۴) وزیر خارجہ پاکستانی حکام سے ملاقات کے دوران دونوں ملکوں کے درمیان ہونے والے سیاسی اور دفاعی معاہدوں سمیت علاقائی اور بین الاقوامی تبدیلیوں کے بارے میں تبادلہ خیال کریں گے۔

سایت کنکور Konkur.in

forum.konkur.in

www.konkur.in



۱۱۶- درج ذیل اردو عبارت کے صحیح فارسی ترجمے کی نشاندہی کیجیے۔

"پوری عمارت میں رات ہونے کی وجہ سے سناٹا تھا مگر اسٹوڈیو میں ہم پانچوں لوگوں کی وجہ سے کافی گہما گہمی ہو گئی تھی۔"

۱) تمام ساختمان بدلیل شب نہ تنہا ساکت نبود بلکہ باوجود ما بیشتر رونق گرفتہ بود.

۲) تمام ساختمان از سر شب ساکت بود اما استودیو باوجود ما پر شدہ بود.

۳) تمام ساختمان در شب ساکت بود و استودیو باوجود ما پنج نفر رمز آلود بود.

۴) تمام ساختمان بدلیل شب ساکت بود اما استودیو باوجود ما پنج نفر خیلی شلوغ شدہ بود.

۱۱۷- درج ذیل اردو تراکیب کی فارسی متبادل تراکیب کی نشاندہی کیجیے۔

"مٹر گشت - بناؤ سنگھار - لوٹ کھسوٹ - ملیامیٹ"

۱) ہواخوری - آرایش - غارت - نیست و نابود

۲) گشت و گذار - ساخت و ساز - غارت - نیستی

۳) ہواخوری - زیبایی - خون بہا - سازش

۴) گشت و گذار - سازش - تاراج - بہ باد دادن

۱۱۸- درج ذیل فارسی عبارت کا صحیح اردو ترجمہ کونسا ہے؟

"سربازان نیمہ شب با عبور از موانع موجود بہ مواضع دشمن حملہ کردند و تعداد زیادی از تروریست ھا را بہ ہلاکت رساندند."

۱) فوجیوں نے آدھی رات رکاوٹیں دور کرتے ہوئے دشمن کے مورچوں پر حملہ کیا اور دہشتگردوں کو زندہ چھوڑ دیا۔

۲) سپاہیوں نے آدھی رات رکاوٹیں بناتے ہوئے دشمن کو یرغمال بنا کر کئی دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا۔

۳) سپاہیوں نے آدھی رات موجودہ رکاوٹوں کو پار کرتے ہوئے دشمن کے ٹھکانوں پر حملہ کیا اور بہت سے دہشتگردوں کو ہلاک کیا۔

۴) فوجیوں نے پوری رات کھڑی رکاوٹوں کو پار کرتے ہوئے دشمن کے ٹھکانوں کو نشانہ بنا کر انہیں زندہ نہیں چھوڑا۔

**ذیل کا متن پڑھ کر، سوال نمبر ۱۱۹ سے لے کر ۱۲۰ کے صحیح جوابات کی نشاندہی کیجئے:**

"دماغی صحت کی خرابی کی علامات محض دماغ سے منسلک نہیں ہوتیں۔ جسمانی علامات سے بھی کچھ نشانیاں ظاہر ہوتی ہیں۔ ان خرابیوں کی کچھ علامات درج ہیں:

ذہنی دباؤ: دلچسپی کی کمی، ذہنی کیفیت کا سست ہونا، نیند کی کمی، بھوک کی کمی، تھکاوٹ۔

بے چینی: گھبراہٹ یا پریشانی محسوس کرنا، شدید خوف محسوس ہونا، دل کی دھڑکن میں اضافہ، پسینہ، کانپنا، اختلاج قلب۔

ذہنی و جذباتی دباؤ یا سخت نفسیاتی دھچکا لگنے سے پیدا ہونے والی حالت کے مسائل: متواتر پچھلے صدمے کی یادیں، پریشان کن واقعات کے بارے میں بات کرنے سے کترانا، مستقبل کے بارے میں منفی خیالات اور ناامیدی، جذباتی طور پر بے حسی، خود کو نقصان پہنچانے والا رویہ، آسانی سے خوف زدہ ہو جانا۔"

۱۱۹- مندرجہ بالا متن میں "دماغی صحت" - "ذہنی دباؤ" - "دل کی دھڑکن" - "اختلاج قلب" کی تراکیب کی ترتیب وار صحیح فارسی تراجم کونسے ہیں؟

۱) سلامت بینی - فشار مغز - نارسایی قلبی - ضربان قلبی

۲) سلامت روان - فشار ذہنی - تپش قلب - نارسایی قلبی

۳) روان درمانی - ضربہ روحی - تپش قلب - ضربہ قلبی

۴) سلامت روان - ضربہ روحی - نارسایی قلبی - فشار قلب

۱۲۰- کونسی فارسی باتیں، مندرجہ بالا متن سے مربوط نہیں؟

۱) داشتن دید مثبت نسبت بہ وضع موجود و آیندہ۔

۲) خودداری از صحبت کردن در مورد حوادث ناراحت کنندہ۔

۳) رفتار آسیب زنندہ بہ خود۔

۴) مشکلات ناشی از فشار یا آسیب ھای روانی شدید۔

forum.konkur.in

www.konkur.in



سایت کنکور
Konkur.in

forum.konkur.in